ٹیچرز گائیڈ
ہمارا گھر

تحریر : معصومہ عزیز

تیسری جماعت کے لئے

تصویریں : فاطمہ جمیل فیض

ٹیچرز کے لئے نوٹ

یہ ٹیچرز گائیڈ تیسری جماعت کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری جماعتوں میں بھی پڑھائی جا سکتی ہے۔

اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف سیشن (کلاس پیریڈ) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ محض ایک تجویز ہے' کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں رد و بدل کیا جائے۔

ہر کہانی شروع کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ بچوں سے دلچسپ تعارفی گفتگو کی جائے تا کہ ذہنی طور پر وہ اس موضوع کے لئے تیار ہو جائیں۔

عموماً ٹیچر بچوں کی کاپیاں چیک کرتے وقت لال قلم کا استعمال کرتے ہیں۔ جس سے بچوں کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ لیکن آج کل کے جدید دور میں پیلے رنگ کے قلم موجود ہیں اور پیلے رنگ کا مطلب ہے احتیاط اگر ہم بچوں کو یہ سمجھادیں کے کاپی میں جہاں پیلا نشان ہو اس کا مطلب ہے لکھائی احتیاط سے کریں تو اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

پہلا سیشن

کہانی کی کتابیں تقسیم کر کے بچوں کو دو منٹ تک تصویروں کا جائزہ لینے دیں۔ پھر کہانی الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں جب کہانی مکمل ہو جائے تو بچوں سے گفتگو کریں اور پوچھیں کہ انہیں یہ کہانی کیسی لگی۔ فرداً فرداً جواب سننے کے بعد اب ان سے بات چیت کیجئے کہ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ بچے ایک ایک کر کے گھر کے افراد کے نام بتائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے اپنے گھر میں کوئی جانور یا پرندہ پال رکھا ہے اگر ہے تو کیا انہوں نے اس کا کوئی پیار کا نام رکھا ہے۔ ٹیچر بورڈ پر ان تمام ناموں کی فہرست لکھیں۔

گھر کا کام :

گھر کے کسی فرد کی مدد سے بچے گھر کے افراد کے نام لکھ کر لائیں۔

دوسرا سیشن

آج بچوں سے پڑھائی کر وائیں اور گھر کے مختلف حصوں کے بارے میں پوچھیں جیسے باغ، صحن، برآمدہ، ڈرائنگ روم، سونے کا کمرہ، کھانے کا کمرہ، باورچی خانہ، چھت وغیرہ۔ ان جگہوں پر کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں ان کے بارے میں بات چیت کریں۔

ٹیچر تمام چیزوں کے نام بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کاپی میں لکھنے کو کہیں۔

تیسرا سیشن

اس سیشن میں اردو قواعد کی مشق کر وائیں اور کہانی میں جتنے متضاد الفاظ ہیں وہ لکھوائے جائیں۔

(آیا ۔ گیا) (پیچھے ۔ آگے) (نیچے ۔ اوپر) (اتری ۔ چڑھی) (پکڑو ۔ چھوڑو)

ان پانچ الفاظ اور ان کی ضد کو الگ الگ جملوں میں استعمال کریں۔

چوتھا سیشن

اس سیشن میں پراجیکٹ ورک کر وایا جائے گا۔ اس پراجیکٹ میں بچوں سے ایک ڈائری بنوائی جائے گی جس کے لئے ٹیچر پہلے سے سامان تیار رکھیں۔ (کاغذ۔ قینچی وغیرہ)

ڈائری تیار کرنے میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں اور جب ڈائری تیار ہو جائے تو بچوں سے کہیں کہ اس پر اپنا نام' پتہ اور ٹیلی فون نمبر لکھیں اگر انہیں معلوم نہ ہو تو ڈائری گھر لے جائیں اور گھر والوں کی مدد سے یہ کام مکمل کر کے لائیں۔

گھر کا کام :

ڈائری میں نام' پتا اور ٹیلی فون نمبر لکھ کر لائیں۔
اور سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔

پانچواں سیشن

اس سیشن میں بچوں کو جانوروں اور پرندوں کے بارے میں بتایا جائے۔ پالتو جانور' اور جنگلی جانور لکھ کر تختہ سیاہ پر دو کالم بنائے جائیں اور ایک میں پالتو جانوروں کے نام اور دوسرے میں جنگلی جانوروں کے نام لکھے جائیں۔

یہ نام بچوں سے پوچھے جائیں تاکہ ان کی ذہنی صلاحیت اجاگر ہو۔

پالتو جانور بلی' بطخ' مرغی' کبوتر' بکرا یا بکری' خرگوش' کتا' طوطا' گائے وغیرہ۔
جنگلی جانور شیر' بندر' ہاتھی' لومڑی' زیبرا' زرافہ' چیتا' شتر مرغ وغیرہ۔

یہ تمام نام بچوں سے کاپی میں لکھنے کو کہیں۔

چھٹا سیشن

اس سیشن میں بچوں سے ان کے پسندیدہ یا پالتو جانور کے بارے میں بات چیت کریں کہ وہ ان کے پاس کیسے آیا؟ انہوں نے اسے گھر کے کس حصے میں رکھا ہے مثلاً صحن میں، برآمدے میں یا چھت پر۔ اب اپنے پسندہ جانور کی تصویر بنا کر اس کی دو یا تین خصوصیات کاپی میں لکھیں۔ ٹیچر مدد کریں۔ (خصوصیات: کتا وفادار ہوتا ہے۔ بکری دودھ دیتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ)

ساتواں سیشن

باری باری سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

بچوں سے بات چیت کی جائے کہ کیا ان کی اپنے پڑوسیوں سے دوستی ہے اور وہ ان کے ساتھ کون کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور یہ بھی کہ بچوں کو اپنے پڑوسیوں کی کون سی باتیں اچھی لگتی ہیں۔ اور وہ کون سی باتیں ہیں جن سے بچوں کو اختلاف ہے۔ کیا کبھی کسی بات پر لڑائی بھی ہوتی ہے۔ بچے ٹیچر سے بات چیت کریں اور ٹیچر بورڈ پر بچوں کی رائے لکھتی جائیں۔

آٹھواں سیشن

اس سیشن میں بچوں سے کہیں کہ کہانی سے فعل (verb) تلاش کریں اور ٹیچر انہیں بورڈ پر لکھ دیں پھر بچوں سے کہیں کہ ان افعال کی اداکاری (acting) کریں۔

(۱) بلی بھگاؤ (۲) بلی کو پکڑو (۳) پیچھے دوڑا
(۴) نیچے چھپ گئی (۵) پردے پر چڑھ گئی (۶) بلی اور دوسرے جانوروں کی آوازیں نکالیں۔

ہمارا گھر

ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ' کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : کفایت اکیڈمی

ہم Citibank کے ممنون ہیں جن کی مالی اعانت سے
کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ کی تدوین وطباعت ہوئی۔

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi. Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

BG-TG U 2001-27
ISBN 969-8556-20-6